**محکمہ تعلیم کی امبریلا اسکیموں کے تحت تخمینہ لاگت اور مختص کردہ وسائل میں ہم آہنگی پیدا، وسائل کی تقسیم مصلحت، دباؤ یا سیاسی اثر ورسوخ سے بالاتر ہو کر شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت کوئٹہ (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2پر)

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر2پر)

ڈویلپمنٹ پروجیکٹ سے متعلق ایک اہم اجلاس پیر کو یہاں منعقد ہوا جس میں جاری منصوبوں کی پیش رفت اور مجوزہ منصوبوں پر تفصیل سے غور کیا گیا اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات اور پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ نے وزیر اعلیٰ کو مختلف منصوبوں پر بریفنگ دی جس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ کی روایتی خوبصورتی کی بحالی کے لیے ایک جامع پلان مرتب کیا گیا ہے جس پر عملدرآمد کا آغاز ہو چکا ہے گنجان آباد علاقوں کی شاہراہوں کی توسیع اور خوبصورتی کے لیے نئے منصوبے تجویز کیے گئے ہیں جبکہ ایئرپورٹ روڈ کی توسیع اور بیوٹیفکیشن کا منصوبہ بھی عملی طور پر شروع کر دیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کوئٹہ کو ملک کا خوبصورت ترین شہر بنانے کی خواہاں ہے انہوں نے واضح ہدایت دی کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تمام منصوبوں میں اعلیٰ تعمیراتی معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے وزیر اعلیٰ نے ایئرپورٹ روڈ کی توسیع سے متاثر ہونے والے 14 کچے گھروں کے مکینوں کو متبادل کے طور پر تمام سہولیات سے مزین خوبصورت پختہ مکانات تعمیر کر کے دینے کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ ترقیاتی اور بیوٹیفکیشن منصوبوں کا مقصد مقامی شہریوں کے ساتھ ساتھ دیگر شہروں سے آنے والے افراد کے لیے بھی ایک خوشگوار اور مثبت تاثر قائم کرنا ہے وزیر اعلیٰ نے تمام منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کرنے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت بھی جاری کی جبکہ ایئرپورٹ روڈ بیوٹیفکیشن پروجیکٹ کے تحت شہر کی خوبصورتی کو متاثر کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا حکم بھی دیا انہوں نے کہا کہ خوبصورت دیواروں پر وال چاکنگ کرنے والے افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے وال چاکنگ ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، مشیر برائے بلدیات نوابزادہ بابا امیر حمزہ خان زہری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکریٹری وزیر اعلیٰ بابر خان، سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

شاعر مشرق حکیم الامت علامہ محمد اقبال کی زندگی تمام پاکستانیوں اور بالخصوص نوجوانوں کے لیے مشعل راہ ہے کہ جنہوں نے اپنے کلام سے مسلمانوں کو جذبہ آزادی، حریت اور اجتماعیت کا درس دیتے ہوئے ان میں ایک نئی روح پھونکی علامہ محمد اقبال کی 87 ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تاریخ میں بہت کم ایسے شعراء گزرے ہیں کہ جن کے کلام میں خودی اور بیداری کا عنصر اس قدر نمایاں ہو انہوں نے کہا آج بھی نوجوانوں کو علامہ محمد اقبال کے فلسفہ خودی کو اپنانا چاہیے آج کے نوجوان اگر اس فلسفے کو سمجھ جائیں اور اپنی صلاحیتوں کا استعمال درست سمت میں کریں تو یقیناً کامیابی مقدر ہوگی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شاعر مشرق نے ہمیشہ اجتماعیت کا درس دیا اور اس امر پر زور دیا کہ مسلمانوں کی بقا اور تحفظ بھی دراصل رواداری، بھائی چارے اور یگانگت میں مخفی ہے اور انہیں ہمیشہ اس کا ادراک رکھنا چاہیے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اقبال کی شاعری میں شاہین کا تصور دراصل پورے عقل و شعور اور فکر و تدبر کے ساتھ بے خوف و خطر متعین منزل کا حصول ہے آج ہمیں بھی اپنے ملک کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے لیے یک جان ہونے کی ضرورت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہمیں علامہ محمد اقبال کے فلسفے کو سمجھتے ہوئے مکمل طور پر متحد رہنے کی ضرورت ہے تاکہ تمام ملک دشمن اور تخریب کار عناصر پر کڑی نظر رکھتے ہوئے ان کا قلع قمع کیا جا سکے اور ہم اپنے ملک کو دائمی طور پر امن کا گہوارہ بناتے ہوئے اس کی تعمیر و ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے بحیثیت پاکستانی اپنی مشترکہ کاوشوں کو عملی جامہ پہنائیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ تعلیم کی امبریلا اسکیموں کی پیش رفت و بہتری سے متعلق اہم اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں جاری اور مجوزہ اسکیموں کی پیش رفت، شفافیت، اور مؤثر عمل درآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تمام اضلاع میں تعلیمی ضروریات کے حوالے سے ایک جامع اور منظم سروے کرانے کی ہدایت دی تاکہ حقائق پر مبنی منصوبہ بندی ممکن ہو سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محکمہ تعلیم کی امبریلا اسکیموں کے تحت تخمینہ لاگت اور مختص کردہ وسائل میں ہم آہنگی پیدا کی جائے تاکہ وسائل کا ضیاع نہ ہو اور ہر اسکیم مؤثر انداز سے مکمل ہو انہوں نے واضح کیا کہ ایسے اضلاع جو تعلیمی میدان میں پسماندہ ہیں ان کو امبریلا اسکیموں میں ترجیح دی جائے تاکہ تعلیمی عدم توازن کا خاتمہ ممکن ہو انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ امبریلا اسکیموں کے لیے دستیاب وسائل کی تقسیم ہر قسم کی مصلحت، دباؤ یا سیاسی اثر و رسوخ سے بالاتر ہو کر صرف شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بنیادی سہولیات سے محروم اسکولوں کو ان اسکیموں میں اولین ترجیح دی جائے تاکہ نچلی سطح پر تعلیمی بہتری یقینی بنائی جا سکے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کے لیے ضلعی سطح پر مانیٹرنگ کمیٹیوں کو فعال کیا جائے اور تمام اسکیموں میں شفافیت اور نتیجہ خیزی کو ترجیح دی جائے انہوں نے کہا کہ تعلیم سے جڑی اسکیموں میں مقامی کمیونٹی کی رائے اور ضروریات کو مدنظر رکھنا ناگزیر ہے تاکہ منصوبے زمینی حقائق سے ہم آہنگ ہوں اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، مشیر بلدیات نوابزادہ بابا امیر حمزہ خان زہری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکریٹری وزیر اعلیٰ بابر خان، سیکریٹری تعلیم صالح محمد ناصر، سیکریٹری خزانہ عمران زرکون سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی، وزیر اعلیٰ نے تمام حکام پر زور دیا کہ تعلیمی میدان میں حقیقی تبدیلی لانے کے لیے ادارہ جاتی بہتری، شفاف طریقہ کار، اور مؤثر عمل درآمد پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
Bullet No. 1
Page No. 13
بروز منگل 22 اپریل 2025ء

# قائمقام گورنر اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میں ملاقات صوبے کی صورتحال پر گفتگو

ملاقات میں صوبے کی تازہ ترین صورتحال، گڈ گورننس، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو ان کے ثمرات کی منتقلی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

نئی نسل کو معیاری تعلیم کے ساتھ جدید فنی مہارتیں فراہم کرنے کیلئے صوبے بھر کے فنی و تکنیکی اداروں کو مکمل طور پر فعال بنانے کی خاطر جامع حکمت عملی مرتب کی جانی چاہیے، خالق اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے پیر کو یہاں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی تازہ ترین صورتحال، گڈ گورننس، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو ان (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر) کے ثمرات کی منتقلی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائمقام گورنر نے صوبائی بجٹ کے مؤثر استعمال، غربت، بیروزگاری اور پسماندگی کے خاتمے کیلئے جاری منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نئی نسل کو معیاری تعلیم کے ساتھ جدید فنی مہارتیں فراہم کرنے کیلئے صوبے بھر کے فنی و تکنیکی اداروں کو مکمل طور پر فعال بنانے کی خاطر جامع حکمت عملی مرتب کی جانی چاہیے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے صوبے کے روشن مستقبل کیلئے مشاورت اور باہمی روابط کے تسلسل پر اتفاق کیا۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کیتھولک چرچ کے سربراہ و روحانی پیشوا پاپ فرانسس کے انتقال پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رومن کیتھولک چرچ کے سربراہ و روحانی پیشوا پاپ فرانسس کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے پاپ (بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 7 پر) فرانسس کی عالمی امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے انکی گران قدر خدمت کو خراج عقیدت پیش کیا ہے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تمام الہامی مذاہب امن اور رواداری کا مظاہرہ کرنے کا درس دیتے ہیں اور عالمی امن کے بین المذاہب ہم آہنگی ناگزیر ہے وزیر اعلیٰ نے پاپ فرانسس کے انتقال پر دنیا بھر کے مسیحوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے وفد ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت جاری و مجوزہ منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bulletin No. 14

Daily FOUNDED BY SIDDIQ BALUCH
Balochistan Express
Quetta

# Bugti stresses transparency, resource alignment in education projects

**By Our Reporter**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti emphasized the need to align estimated costs with allocated resources in the Education Department's umbrella schemes to avoid wastage and ensure effective project completion. He stressed that districts lagging behind in education should be prioritized to reduce disparities.

He expressed these views while chairing a high-level meeting at the Chief Minister's Secretariat to review the progress and improvement of the Education Department's umbrella schemes.

The meeting included a detailed review of ongoing and proposed projects, focusing on transparency and effective implementation. The Chief Minister directed that a comprehensive and systematic survey be conducted across all districts to accurately assess educational needs and support fact-based planning.

He further instructed that the distribution of resources must be based solely on merit and transparency, without any compromise, pressure, or political interference. Priority should be given to schools lacking basic facilities to promote grassroots educational development.

The Chief Minister also directed the activation of monitoring committees at the district level to oversee development projects effectively. He underscored the importance of transparency and measurable outcomes in all schemes.

Bugti stressed the importance of incorporating input from local communities to ensure that education projects are aligned with ground realities.

The meeting was attended by Provincial Minister for Education Raheela Hameed Khan Durrani, Provincial Finance Minister Shoaib Nosherwani, Advisor for Local Government Amir Hamza Khan Zehri, Additional Chief Secretary for Planning and Development Hafiz Abdul Basit, Principal Secretary to the Chief Minister Babar Khan, Education Secretary Saleh Muhammad Nasir, Finance Secretary Imran Zarkoon, and other senior officials from relevant departments.

The Chief Minister directed all officials to uphold institutional reform, transparent processes, and effective implementation to bring about real change in the education sector.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Tim

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.p

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1076 QUETTA Tuesday April 22, 2025 /Shawwal 23, 1

# CM, Acting Governor discuss provincial development, governance

## Bugti directs improvement in Education department

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti met with Acting Governor Captain (R) Abdul Khaliq Achakzai at the Governor House in Quetta on Monday.

Discussions focused on the current provincial situation, good governance, the timely completion of development projects, and ensuring their benefits reach the public. The Acting Governor emphasized the effective use of the provincial budget and completing projects on schedule to combat poverty, unemployment, and backwardness. He also stressed the need for a comprehensive strategy to activate technical and vocational institutions province-wide, aiming to provide quality education and modern skills to youth. Both leaders agreed to maintain ongoing consultations for the province's progress.

Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti chaired an important meeting at the Chief Minister Secretariat on Monday focused on the progress and improvement of the Education Department's "umbrella schemes." The meeting reviewed the progress, transparency, and effective implementation of ongoing and proposed schemes.

Chief Minister Bugti directed officials to conduct a comprehensive survey of educational needs across all districts to enable fact-based planning. He stressed the need for coordination between estimated costs and allocated resources for umbrella schemes to prevent waste and ensure effective completion. Bugti clarified that districts lagging in education should receive priority to address imbalances. He emphasized that resource distribution must be based solely on transparency and merit, free from political influence or pressure. Schools lacking basic facilities should be prioritized to ensure grassroots educational improvement.

The Chief Minister also directed the activation of district-level monitoring committees for effective oversight and stressed incorporating local community opinions and needs into education planning. The meeting was attended by Provincial Education Minister Raheela Hameed Khan Durrani, Finance Minister Mir Shoaib Noshirwani, Advisor on Local Governments Nawabzada Baba Amir Hamza Khan Zehri, Additional Chief Secretary Planning and Development Hafiz Abdul Basit, Principal Secretary to the CM Babar Khan, Secretary Education Saleh Muhammad Nasir, Secretary Finance Imran Zarkoon, and other senior officials. The Chief Minister urged authorities to prioritize institutional improvement, transparent procedures, and effective implementation for real change in the education sector.

On the 87th death anniversary of Allama Muhammad Iqbal, Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti stated that the life of the "Poet of the East" serves as a beacon for all Pakistanis, especially the youth. He noted that Iqbal's poetry instilled a spirit of freedom, liberty, and collective identity among Muslims.

Bugti stressed the need for national unity for Pakistan's development and prosperity, urging citizens to understand Iqbal's philosophy and remain united to counter enemies and destructive elements, working collectively for the nation's welfare.

# ریکوڈک منصوبے کے فوائد مقامی آبادی تک پہنچائے جائیں، وفاقی وزیر خزانہ

تانبے اور سونے کے منصوبے کیلئے 2.5 ارب ڈالر کی قرض فنانسنگ میں آئی ایف سی کا کردار قابل تعریف ہے، محمد اورنگزیب

توانائی کے شعبے میں اصلاحات، قیمتی معدنیات کی تلاش و مارکیٹنگ، بجکاری، ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد(زاہد احمد خان) واشنگٹن میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے عالمی بینک گروپ، آئی ایم ایف کے موسم بہار کے اجلاس کے موقع پر انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کی ریجنل وائس پریذیڈنٹ ہیلا شیخ روحو اوران کی ٹیم کے ساتھ ملاقات ملاقات میں نجی شعبے کی اصلاحات، توانائی کی منتقلی، موثر بلدیاتی مالیات اور مکمل روزگار جیسے شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بات چیت کی گئی جب کہ ملاقات میں ڈیورسیفائیڈ ریسورس (ڈی پی آر) پرپیش رفت کا بھی جائزہ لیاوزیرخزانہ نے ریکوڈک تانبے اور سونے کی کان کے منصوبے کے لیے 2.5 ارب ڈالر کی قرض فنانسنگ ....... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

میں آئی ایف سی کے قائدانہ کردار کو سراہا جب کہ انہوں نے اس بات پرزور دیا کہ اس منصوبے کے فوائد مقامی آبادی تک بھی پہنچے علاوہ ازیں، وزیر خزانہ نے عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف اسپرنگ اجلاس 2025 کے موقع پر ڈیلیٹ نیم سے ملاقات کے دوران پاکستان کی مجموعی اقتصادی صورتحال، حکومت کے شعبہ جاتی ترقیاتی ایجنڈے اور برآمدات پر مبنی ترقیاتی ترجیحات سے آگاہ اجلاس کے دوران توانائی کے شعبے میں اصلاحات، قیمتی معدنیات کی تلاش و مارکیٹنگ، نجکاری، ٹیکنالوجی، کرپٹو پالیسی اور کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) کے نفاذ کے شعبوں میں تعاون کا جائزہ لیا واضح رہے کہ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ورلڈ بینک گروپ، آئی ایم ایف کے موسم بہار 2025 کے اجلاس میں شرکت کے لیے امریکا روانہ ہوئے تھے۔

# دو نہریں سندھ، دو پنجاب ایک بلوچستان میں بنے گی، معین وٹو

معاملہ خوش اسلوبی سے طے پا جائے گا، وفاقی وزیر آبی وسائل کی میڈیا سے گفتگو

لاہور(بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے آبی وسائل معین وٹو نے کہاہیکہ گرین پاکستان منصوبے کے تحت دو نہریں سندھ، دو پنجاب میں اور ایک بلوچستان میں بنتی ........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ہے۔ لاہور میں میڈیا سے بات چیت وفاقی وزیر آبی وسائل معین وٹو نے انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ نہروں کا معاملہ غلط فہمی اور مشاورت نہ ہونے کے باعث تنازع کا شکار ہوا تاہم اب اس پر مذاکرات شروع ہو چکے ہیں اور اب یہ معاملہ خوش اسلوبی سے طے پا جائے گا۔

# نور پور شاخ بھل صفائی کے کام سے مطمئن نہیں' سردارزادہ فیصل جمالی

غیر معیاری کام کرنے والے ٹھیکیدار کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

زمینداروں کو چاہئے کہ وہ بھل صفائی کے کام کی نگرانی کریں' معائنہ کے موقع پر گفتگو

اوستا محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ ناقص کام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، غیر معیاری کام کرنے والے ٹھیکیدار کے خلاف کارروائی کی جائے گی، معیاری کام ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار نے نور پور شاخ کی بھل صفائی اور باغ ہیڈ کے ریگولیٹر کا معائنہ کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ معیاری کام ہماری اولین ترجیحات .......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

میں شامل ہے کیونکہ کروڑوں روپے کے فنڈز آتے اس کے باوجود بھی ناقص کام کیا جائے تو کسی صورت برداشت نہیں کریں گے نور پور شاخ کی بھل صفائی کے کام سے مطمئن نہیں ہوں صوبائی وزیر نے ایکس ای این اور ٹھیکیدار کو دوبارہ شاخ کی بھل صفائی کے کام کے احکامات جاری کئے انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں زرعی پانی کی فراہمی کیلئے کھیرتھر کینال اور ذیلی شاخوں پر بھل صفائی کا کام ہورہا ہے جس سے زمینداروں اور کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی میں آسانی ہوگی زیر تعمیر کام کی نگرانی خود کر رہا ہوں اور زمینداروں کو بھی چاہئے کہ وہ بھل صفائی کے کام کی نگرانی کریں شکایت کی صورت مجھ سے براہ راست رابطہ کیا جاسکتا ہے کیونکہ یہ عوامی اجتماعی کام ہے جس کی نگرانی سب پر فرض ہے دریں اثنا صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی کو باغ ہیڈ ریسٹ ہاؤس پر ایکس ای این عبداللہ انصاری نے جاری کاموں پر بریفنگ بھی دی۔

INTEKHAB QUETTA

# کوئٹہ سے کراچی این 25 موٹروے طرز پر بنے گی، علیم خان

"2 ارب ڈالر کی ایم 6 اور 9، ناران، کاغان موٹروے امسال کے اہم منصوبے ہیں" بلوچستان میں این 25 اور سندھ میں موٹرویز پر کام شروع ہورہا ہے

سب عوام کو جوابدہ ہیں، لوٹ مار نہیں کرنے دیں گے اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی

اسلام آباد(اے پی پی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ سندھ میں 2 ارب ڈالر مالیت کی ایم 6 اور ایم 9 موٹرویز کے منصوبے اسی سال شروع کریں گے، صوبہ خیبر پختونخواہ میں مانسہرہ، ناران اور کاغان موٹروے کے کام کا بھی امسال آغاز کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں کوئٹہ سے کراچی این 25 کو بھی موٹروے کی طرز پر 4 لین بنانے کے کام کو شروع کیا جارہا ہے جبکہ سندھ میں سکھر، حیدرآباد اور کراچی موٹروے کا منصوبہ بھی شروع ہورہا ہے۔ اس امر کا اظہار انہوں بقیہ نمبر 68 صفحہ 5 پر

نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی سینٹرل زون کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے حکام سے لاہور سے قصور کے 18 کلومیٹر لنک روڈ کے منصوبے کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے کہا کہ اس ادارے کی "پریزینٹیشن" کو با مقصد اور معیاری ہونا چاہیے۔ انہوں نے سینٹرل زون کے حکام کو کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ جاری منصوبوں کو کم سے کم وقت میں مکمل کیا جا سکے۔ عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ ہم سب عوام کو جوابدہ ہیں، لوٹ مار نہیں کرنے دیں گے اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ اپنے ریمارکس میں وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 22 APR 2025

Page No. 17

## مثبت معاشی اشاریئے وفاقی حکومت کے موثر اقدامات کا نتیجہ ہیں، شعیب نوشیروانی

### ترقی کے سفر میں مزید تیزی لانے کے لیے حکومتی ٹیم دن رات محنت کررہی ہے، وفد سے بات چیت

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر خزانہ و مائنز اینڈ منرلز میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ مثبت معاشی اشاریئے مثبت پاکستان کے موثر اقدامات کا نتیجہ ہے، ترقی کے سفر میں مزید تیزی کے لئے حکومتی ٹیم دن رات محنت کررہی ہے۔ وفاقی حکومت ملکی برآمدات میں مستقل اضافے کو ممکن بنانے کے لئے نجی شعبے کو کاروبار دوست ماحول فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں، سی پیک نے پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر شعیب نوشیروانی نے جولائی 2024 تا مارچ 2025 ٹیکسٹائل سیکٹر کی برآمدات میں 9.38 فیصد اضافے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کی برآمدات اس وقت 13.613 بلین ڈالر کی بلند ترین سطح پر ہیں جو کہ انتہائی خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری نے گزشتہ دس برسوں میں پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے جس کے ثمرات نہ صرف پاکستان بلکہ خطے کے دیگر ممالک تک بھی پہنچ رہے ہیں۔ پاکستان اور چین ہر موسم کے ساتھی ہیں اور صدر شی جن پنگ کے دورہ پاکستان نے دوطرفہ اقتصادی تعاون کو نئی بلندیوں تک پہنچایا۔

## اڑان پاکستان منصوبے میں بلوچستان کو ترجیح دی جارہی ہے، صادق عمرانی

### 2 ہزار نوجوانوں کو ایک سال کی ٹریننگ دی جائیگی، ترقی و خوشحالی کے بہترین اثرات آنا شروع ہوگئے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور خود ان کی بہترین کاوشوں کے نتیجے میں اڑان پاکستان منصوبے کے تحت بلوچستان کی تعمیر و ترقی کو ترجیح دی جارہی ہے تاکہ صوبے کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کیا جا سکے، صوبائی وزیر نے کہا کہ اڑان پاکستان کے تحت مختلف شعبوں جن میں خصوصی طور پر تعلیم اور صحت کے شعبے کے لیے ضروری اقدامات اٹھائے جارہے ہیں کے علاوہ صوبے سے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے بھی سنجیدہ کوششیں کی جا رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ اڑان پاکستان منصوبے کے پہلے مرحلے میں بلوچستان کے مختلف علاقوں سے ایسے نوجوان کو جنہوں نے سول، میکینکل اور الیکٹریکل انجینیرنگ میں ڈپلومہ حاصل کیا ہو ان میں سے تقریباً دو ہزار نوجوانوں کو ایک سال کی ٹریننگ دی جائے گی اور اس دوران ان تمام نوجوانوں کو ماہانہ 50 ہزار روپے وظیفہ بھی دیا جائے گا تاکہ دوران ٹریننگ وہ اپنی معاشی ضروریات بھی پوری کرسکیں، صوبائی وزیر نے کہا کہ اس اہم منصوبے میں نوجوانوں کو ٹریننگ حاصل کرنے کے بعد مختلف وفاقی و صوبائی محکموں میں تعیناتی کیلئے ضروری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ ہمارے یہ نوجوان برسر روزگار باعزت طریقے سے اپنے خاندانوں کی کفالت کرسکیں، انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے جو کوششیں کررہی ہے اس کے بہترین اثرات نمودار ہونا شروع ہوئے ہیں۔

## علامہ اقبال کے فلسفے کو سمجھنے اور عمل کرنے کی ضرورت ہے، سلیم کھوسہ

### وقت آگیا ہے کہ ہم متحد ہوں، ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے پرعزم ہوکر کام کریں، 87ویں برسی پر پیغام

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ نے علامہ محمد اقبال کی 87ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمیں علامہ محمد اقبال کے فلسفے کو سمجھتے ہوئے مکمل طور پر متحد رہنے کی ضرورت ہے تاکہ تمام ملک دشمن اور تخریب کار عناصر پر کڑی نظر رکھتے ہوئے ان کا قلع قمع کیا جاسکے۔ ہم اپنے ملک کو کو دائمی طور پر امن کا گہوارہ بناتے ہوئے اس کی تعمیر و ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے بحیثیت پاکستانی اپنی مشترکہ کاوشوں کو عملی جامہ پہنائیں۔ تاریخ میں بہت کم ایسے شعرا گزرے ہیں کہ جن کے کلام میں خودی اور بیداری کا عنصر اس قدر نمایاں ہوا انہوں نے کہا آج بھی نوجوانوں کو علامہ محمد اقبال کے فلسفہ خودی کو اپنانا چاہیے آج کے نوجوان اگر اس فلسفے کو سمجھ جائیں اور اپنی صلاحیتوں کا استعمال درست سمت میں کریں تو یقینا کامیابی مقدر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ فکر اقبال میں یہ توانائی تو موجود تھی کہ اس نے فرد کی خودی کو بیدار کر کے اس کو ملی بے خودی کا درس دیا۔ غلام قوموں میں اپنی آزادی کے حصول کی تڑپ پیدا ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے مراکش سے ملائیشیا تک غلامی کے شکنجے ٹوٹنے لگے اور بالآخر عالم اسلام نو آبادیاتی نظام کے استبدادی اور استعماری پنجوں سے آزاد ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کے فلسفے پر عمل کرنیکی جتنی ضرورت آج ہے پہلے کبھی نہ تھی، وقت آگیا ہے ہم متحد ہوں، ملک کی ترقی کیلئے پرعزم ہوکر کام کریں۔

## صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، عوامی مشکلات کی نشاندہی کریں، محمد خان لہڑی

### دستیاب وسائل میں رہ کر عوامی مسائل و مشکلات کا ازالہ کرنا ہماری ذمے داری میں شامل ہے، وفد سے گفتگو

سبی (آئی این پی) صوبائی وزیر ایکسائز ٹیکنیشن اینڈ نارکوٹیکس میر محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ سیاست اور صحافت اگر نیک جذبے ایمانداری اور ذمے داری کے ساتھ کی جائے تو مسائل کو فوری حل کیا جاسکتا ہے، سیاسی میدان میں عوام کی خدمت اور علاقائی مسائل کے خاتمے کے لئے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال ممکن بناتے ہوئے بلوچستان کو ترقی وخوشحالی کی جانب گامزن کرنے میں اپنا کردار ادا کررہا ہوں، صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان کا کردار ادا کرتے ہوئے عوامی مسائل کی نشاندہی کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبی پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ میاں محمد یوسف کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو میں کیا۔ اس موقع پر سبی پریس کلب کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری سید طاہر علی، آفس سیکرٹری میر ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے، صوبائی وزیر میر محمد خان لہڑی کا کہنا تھا کہ عوام دوست سوچ اور نظریات کو مدنظر رکھتے ہوئے حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان بھر کی عوام کی خدمت کو اپنا مقصد بنا کر سیاسی میدان میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال ممکن بنا رہا ہوں، میر محمد خان لہڑی نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہوئے عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے عوامی مشکلات کی نشاندہی کریں اپنے وسائل میں رہ کر عوامی مسائل و مشکلات کا ازالہ کرنا ہماری ذمے داری میں شامل ہے۔

## صمد گورگیج کی وزیر اعلیٰ اور جی ایم سوئی گیس سے ملاقات

### پی بی 40 میں گیس سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا، عوام کی خدمت مشن ہے، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری برائے سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج نے گزشتہ روز جی ایم سوئی سدرن گیس سے انکے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں پی بی 40 میں گیس سے متعلق مسائل اور انکے جلد حل پر بات چیت کی گئی۔ جی ایم سوئی سدرن گیس نے تعاون اور مسائل کو فوری حل کرانے کی یقین دہانی کرائی، اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنما در محمد ہزارہ، میر حیدر رئیسانی، ملک عزیز اچکزئی، علی شاہ و دیگر بھی پارلیمانی سیکرٹری کے ہمراہ تھے۔ بعد ازاں صمد گورگیج پیپلز پارٹی کے رہنما در محمد ہزارہ کے ہمراہ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے ملاقات کی اور انہیں ہزارہ ٹاؤن سمیت پی بی 40 کے مسائل سے آگاہ کیا، انہوں نے وزیر اعلیٰ کو بتایا کہ ہزارہ ٹاؤن میں مقامی مافیا کا اداروں کے اہلکاروں کے ساتھ گٹھ جوڑ عوام کے لئے وبال جان بنا ہوا ہے، خاص کر ٹینکر مافیا عوام کو لوٹ رہا ہے، وزیر اعلیٰ نے مسائل کے حل کے لئے مکمل تعاون اور فوری اقدامات کے علاوہ مافیاز کی بیخ کنی کی یقین دہانی کرائی۔ صمد گورگیج نے کہا کہ عوام کی خدمت اور اجتماعی ترقیاتی منصوبے ہمارا مشن ہے تمام رکاوٹیں ہٹا کر عام آدمی کو پانی بجلی تعلیم اور صحت کی سہولیات پہنچانے کے لئے پرعزم ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 APR 2025 Page No. 18

## بلوچستان ڈیم منصوبوں میں تاخیر سینیٹ کمیٹی کا اظہار برہمی

سینیٹ منصوبہ بندی کمیٹی اجلاس، بروقت تکمیل کی ہدایت سیکرٹری منصوبہ بندی کی غیر حاضری کا نوٹس، آئندہ اجلاس میں ہر صورت پیش ہونے کی ہدایت

گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی گوادر میں مکمل اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ، سی پیک آنے کے بعد موزوے کا ماسٹر پلان چین نے بنا کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی منصوبہ بندی کمیٹی نے بلوچستان میں ڈیم منصوبوں میں شدید تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ہے، کمیٹی نے سیکرٹری منصوبہ بندی کی مسلسل چار اجلاسوں سے غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے اگلے اجلاس میں ہر صورت پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ سوموار کو سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی کا اجلاس چیرپرسن سینیٹر قرات العین مری کی زیر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

صدارت منعقد ہوا اجلاس میں کمیٹی اراکین کے علاوہ سیکرٹری منصوبہ بندی سمیت دیگر حکام نے شرکت کی ہے اجلاس میں گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی گوادر میں مکمل اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دیتے ہوئے حکام نے بتایا کہ سی پیک آنے کے بعد موزوے کا ماسٹر پلان چین نے بنا کر دیا اسی طرح کلمات ایونیو پر 7 کلومیٹر کی سڑک اور 184 ایکڑ پر مشتمل جی ڈی اے سکول مکمل کر لیا گیا ہے حکام نے بتایا کہ 50 بیڈز پر مشتمل جی ڈی اے اسپتال بھی تکمیل کے بعد فنکشنل ہے اس اسپتال میں مستقبل میں زیادہ بیڈز بھی شامل کیے جا سکتے ہیں حکام نے بتایا کہ حکومت چاہتی ہے کہ گوادر کو زیادہ سے زیادہ فنڈز دے کر سیاحت کو فروغ دیا جائے اس موقع پر رکن کمیٹی سینیٹر افنان اللہ نے کہا کہ ہمیں گوادر کو ٹیکس فری زون ڈکلیئر کر دینا چاہیے انہوں نے کہا کہ ٹیکس فری زون ڈکلیئر کرنے سے زیادہ سرمایہ کار گوادر آئیں گے۔

## کوئٹہ میں 34 ویں نیشنل گیمز کا انعقاد، بلوچستان کے کھلاڑی چھا گئے

چھ ہزار سے زائد کھلاڑیوں نے 32 کھیلوں میں حصہ لیا، عوام میں زبردست جوش و خروش

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں منعقد ہونے والے پاکستان کے 34 ویں نیشنل گیمز میں بلوچستان کے کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ صوبے کی ٹیموں نے مختلف کھیلوں میں حصہ لیا جن میں کرکٹ، ہاکی، فٹ بال اور ایتھلیٹکس شامل ہیں، جس میں ملک بھر سے 13 دیگر ٹیموں کا مقابلہ ہوا۔ بلوچستان میں بنیادی ڈھانچے کی حدود کی وجہ سے اسلام آباد، جہلم، کراچی اور لاہور

بقیہ نمبر 22 صفحہ 5 پر

میں بھی کچھ تقریبات منعقد کی گئیں۔ ان کھیلوں میں 6,000 سے زیادہ ایتھلیٹس نے 32 کھیلوں میں حصہ لیا جن میں کرکٹ، ہاکی اور فٹ بال سب سے زیادہ مقبول مقابلوں میں شامل تھے۔ بلوچستان کی کرکٹ ٹیم، خاص طور پر، ایک بھرپور تاریخ رکھتی ہے، جس کی تاریخ 1954 سے ہے، اور اس نے قائداعظم ٹرافی اور پاکستان کپ سمیت کئی ملکی مقابلوں میں حصہ لیا ہے۔ اسی رفتار کو استوار کرتے ہوئے، بلوچستان کے کھلاڑی اب 35 ویں نیشنل گیمز میں شرکت کے لیے کمربستہ ہیں، اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے اور ایک بار پھر اپنے صوبے کا سر فخر سے بلند کرنے کے لیے بے چین ہیں۔ نئے جوش اور عزم کے ساتھ، وہ مقابلے میں حصہ لینے اور دیرپا تاثر بنانے کے لیے تیار ہیں۔

## حب اندھیر نگری چوپٹ راج محکمہ لوکل گورنمنٹ میں نامعلوم افراد کی اقرباء پروری

ٹول ٹیکس ناکہ جات پر ماورائے قانون وصولیوں کا سلسلہ جاری حاصل ہونے والی رقم کن جیبوں میں جاری ہے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں

حب (نمائندہ انتخاب) حب اندھیر نگری چوپٹ راج محکمہ لوکل گورنمنٹ میں نامعلوم افراد کی اقرباء پروری اداراے اور عوامی حقوق پر سر عام ڈاکہ کوئی پوچھنے والا نہیں اعلیٰ افسران بھی خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگے ٹول ٹیکس ناکہ جات پر ماورائے قانون وصولیوں کا سلسلہ جاری حاصل ہونے والی رقم کن جیبوں میں جارہی ہے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں ساکران بند مراد یوسی حسن پیر ٹول ٹیکس پر گزشتہ ایک سال سے غیر قانونی وصولی کا سلسلہ جاری ہے یوسی چیئرمین معاملات سے لاعلم ڈپٹی کمشنر حب اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے بھی ہاتھ کھڑے کر دیئے انسداد بدعنوانی کے ادارروں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

پر خاموشی کا سکتہ طاری ہے کیا اس لاعلمی اور خاموشی کے پس پردہ ملی بھگت کا ہاتھ کار فرما ہے عوامی حلقوں کا حکام سے سوال اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ ضلع کونسل حب کی حدود میں ساکران کی یونین کونسل حسن پیر کے علاقہ بند مراد پل پر قائم ٹول ٹیکس ناکہ پر گزشتہ تقریبا ایک سال سے نامعلوم بااثر افراد کا قبضہ ہے قبل ازیں آغاز کے دنوں میں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حب کے ایک مبینہ سرکاری خط کی آڑ میں یہ سلسلہ شروع کیا گیا بعد ازاں معاملات میڈیا پر رپورٹ ہونے کے بعد چیف آفیسر نے اپنے دستخط جعلی قرار دے دیئے جبکہ اس متعلق سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حب نے اس متعلق نہ صرف سابق متعدد ڈپٹی کمشنرز اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو خط لکھ کر اس غیر قانونی عمل سے متعلق آگاہ کیا بتایا جاتا ہے کہ کہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت مذکورہ ٹول ٹیکس پر وصولی کے حقوق ضلع کونسل حب کے ہیں اور انکی نیلامی کے بعد قانونی طور پر وصولی جائز ہوتی ہے لیکن ضلع کونسل حب کے سابق اور موجودہ چیئرمین گزشتہ ایک سال سے وصولی سے متعلق اپنی لاتعلیمی کا اظہار کر چکے ہیں اور یوسی حسن پیر کے چیئرمین بھی بارہا لاعلمی کا اظہار کر چکے ہیں تو پھر وہاں بیٹھی ایک نجی فورس کس کے آشیرباد سے اقرباء پروری قائم کئے ہوئے ہے اور دیدہ دلیری سے باقاعدہ ناکہ لگا کر کراچی سے ساکران میں داخل ہونے والی گاڑیوں سے روزانہ لاکھوں روپے ٹول ٹیکس کی آڑ میں بھتہ وصول کیا جارہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ مذکورہ غیر قانونی ٹول ٹیکس سے حاصل کی جانے والی رقم سرکاری اکاؤنٹ میں جمع ہوتی ہے یا پھر کسی بااثر شخصیت کی جیب کی نذر ہورہی ہے اس حوالے سے مقامی انتظامیہ سمیت محکمہ لوکل گورنمنٹ کے بالا افسران اور تحقیقاتی و انسداد بدعنوانی کے اداروں کو تحقیقات کرانے کی ضرورت ہے۔

Century Express Quetta

## ہائیکورٹ، زرعی کنکشنز کی بغیر نوٹس کٹوتی سے متعلق سماعت

درخواست قابل سماعت قرار، وفاقی وصوبائی حکومتوں، محکمہ آبپاشی و کیسکو کو نوٹس جاری

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس جناب جسٹس محمد اعجاز سواتی اور جسٹس جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل بنچ نے بغیر نوٹس کے زرعی کنکشنز کی کٹوتی سے متعلق دائر آئینی درخواست قابل سماعت قرار دیتے ہوئے وفاقی، صوبائی حکومتوں، محکمہ آبپاشی، کیسکو اور محکمہ توانائی کے متعلقہ حکام کو نوٹس جاری کرتے ہوئے اس بابت اگلی سماعت پر مفصل رپورٹ طلب کر لی ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطاء اللہ لانگو کی جانب سے دائر آئینی درخواست کی عدالت عالیہ کے ڈویژنل بنچ نے

(باقی صفحہ 5 نمبر 41)

سماعت کی۔ سماعت شروع ہوئی تو درخواست گزار بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطاء اللہ لانگو نے بلوچستان کے مختلف علاقوں خصوصا قلات میں بغیر نوٹس کے زرعی ٹیوب ویلوں کے کنکشن منقطع کرنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ اس اقدام سے بلوچستان میں زمینداروں اور کسانوں کی کھڑی فصلوں اور باغات کو نقصان پہنچے گا اور اس کا لوگوں کے روزگار اور معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے اس لئے اس بابت متعلقہ حکام سے وضاحت طلب کر کے احکامات دیئے جائیں جس پر بنچ نے میر عطاء اللہ لانگو کی جانب سے دائر آئینی درخواست کو قابل سماعت قرار دیتے ہوئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں، محکمہ آبپاشی، کیسکو اور انرجی ڈیپارٹمنٹ کے متعلقہ حکام کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے اگلی سماعت پر مفصل رپورٹ بھی طلب کر لی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 APR 2025 Page No. 19

## حب و بوستان اقتصادی زونز ترقی میں معاون ثابت ہونگے، بلال کاکڑ

**انڈسٹریل اکنامک زون کی تکمیل سے صوبے میں تجارت میں تیزی آئیگی، وائس چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ حب اور بوستان میں قائم خصوصی اقتصادی زونز بلوچستان کی ترقی خوشحالی اور روزگار کی فراہمی میں ... ن ثابت ہونگے، ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے خصوصی محل وقوع اور جغرافیائی اہمیت کے پیش نظر یہاں صنعتی ترقی کے بیشمار مواقع موجود ہیں۔ انڈسٹریل اکنامک زون ایک قومی اہمیت کا منصوبہ ہے، جس سے صوبے میں صنعت کاری کے فروغ اور مثبت سماجی و اقتصادی اثرات کی توقع ہے، اس منصوبے سے 50,000 ملازمتوں کے مواقع اور 170 ارب روپے کے ٹیکس محصولات کا ہدف رکھا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر میں 1406 ایکڑ سے زائد رقبے پر قائم خصوصی اقتصادی زون کو مزید 15000 ایکڑ تک توسیع دینے کی گنجائش موجود ہے، جب اقتصادی زون میں سرمایہ کاروں کو 10 سال ٹیکس ہولڈنگ سمیت مشینری اور آلات کی درآمد پر ایک بار کی چھوٹ بھی دی گئی ہے۔ اسکے علاوہ بوستان خصوصی اقتصادی زون ترجیحی سی پیک SEZs میں شامل ہے جو ضلع پشین میں 1200 ایکڑ کے رقبے پر محیط ہے۔ انہوں نے کہا کہ زون میں کئی صنعتی یونٹ زیر تعمیر ہیں۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے بوستان اکنامک زون کو سہولیات کی فراہمی کی جلد تکمیل کے لئے موثر اقدامات کئے گئے ہیں اور کئی سرمایہ کار اس میں صنعتیں لگا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپیشل اکنامک زون کی تکمیل سے صوبے میں تجارت میں تیزی آئے گی اور خطے میں خوشحالی آئے گی، بوستان اسپیشل اکنامک زون صنعت کاروں اور سرمایہ کاروں کے لئے بہترین جگہ ہے۔

## کوئٹہ شہر میں 360 گرام روٹی کی قیمت 30 روپے مقرر

**تندور مالکان آٹا سستا ہونے پر قیمت کم نہیں کرتے جو عوام کیساتھ زیادتی ہے، انور کاکڑ**

سرکاری نرخنامہ آویزاں کیا جائے، ہر تندور پر کمپیوٹرائزڈ وزن کی سہولت ہونی چاہئے، اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس، شہر میں 360 گرام روٹی کی قیمت 30 روپے مقرر، قیمت واضح جگہ آویزاں کرنے اور خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا فیصلہ۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر کچلاک، محکمہ انڈسٹری، مارکیٹ کمیٹی، انجمن تاجران، چیمبر آف کامرس اور کنزیومر سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں آٹے کی حالیہ قیمتوں میں کمی کے تناظر میں روٹی کی نئی قیمت مقرر کرنے کے لیے تفصیلی غور و فکر کیا گیا۔ تجزیے کے بعد 360 گرام روٹی کی قیمت 30 روپے مقرر کرنے کا حتمی فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے کہا کہ تندور مالکان آٹے کی قیمت بڑھنے پر فوری ردعمل دیتے ہیں لیکن آٹا سستا ہونے کے باوجود روٹی کی قیمت میں کمی نہیں کرتے، جو عوام کے ساتھ زیادتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تندور ایسوسی ایشن کے نمائندوں کو بارہا نوٹسز دیے جا چکے ہیں کہ روٹی کی قیمتیں کم کی جائیں، مگر اس پر عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ انہوں نے واضح کیا کہ کوئٹہ میں سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر ضلعی انتظامیہ بلا امتیاز کارروائی کرے گی۔ عوام کو ریلیف دینے کے لیے تمام ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ہر تندور پر سرکاری نرخنامہ نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے گا اور ہر تندور پر کمپیوٹرائزڈ وزن کی سہولت موجود ہوگی تاکہ مقررہ وزن اور قیمت کی پابندی یقینی بنائی جاسکے۔

## ہرنائی سبی ریلوے سیکشن نو ماہ بعد بحال، ٹرائل ٹرین ہرنائی پہنچ گئی

**طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث ٹریک کو مختلف مقامات پر شدید نقصان پہنچا تھا**

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی سبی ریلوے سیکشن پر گزشتہ نو ماہ سے معطل ٹرینوں کی آمدورفت بحال ہو گئی۔ گزشتہ سال جون اور جولائی میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں نے ہرنائی سبی ریلوے سیکشن کو مختلف مقامات پر شدید نقصان پہنچایا تھا اور ریلوے سروس معطل تھی۔ ٹریک کی تعمیر و مرمت کے لیے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کی کوششوں سے وزارت ریلوے نے ہرنائی سبی ریلوے سیکشن کے متاثرہ ٹریک کی مرمت کا کام دوبارہ شروع کیا جو نو ماہ سے جاری تھا۔ آج 21 اپریل کو سبی سے ٹرائل ٹرین روانہ کی گئی جو شام پانچ بجے کے قریب ہرنائی پہنچ گئی۔ ٹریک کی تعمیر و مرمت ٹریک بحالی سے ہرنائی سبی کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔

## بلوچستان میں انٹرمیڈیٹ کے امتحانات تین ہفتے کیلئے ملتوی

**فیصلہ محکمہ تعلیم سے وابستہ تنظیموں کے بائیکاٹ کے باعث کیا گیا، نئی ڈیٹ شیٹ کا اعلان چند روز میں ہوگا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں ہونے والے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات تین ہفتے کیلئے ملتوی کر دیے گئے، امتحانات محکمہ تعلیم سے وابستہ تنظیموں کے بائیکاٹ کے باعث ملتوی کئے گئے ہیں، نئی ڈیٹ شیٹ کا اعلان چند روز میں کیا جائیگا، چیئرمین بلوچستان بورڈ محمد اسحاق نے بتایا ہے کہ بلوچستان میں ہونے والے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات تین ہفتے کیلئے ملتوی کئے گئے ہیں، نئی ڈیٹ شیٹ کا اعلان چند روز میں کر دیا جائیگا۔

## الف سی نارتھ کے زیر اہتمام مختلف اضلاع میں جشن بہاراں تقریبات کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) جشن بہاراں کے سلسلے میں الف سی بلوچستان نارتھ اور مقامی افراد کے باہمی اشتراک سے نوشکی، چمن، کوہلو، مرغا فقیر زئی اور بادینی میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا، یہ تقریبات منعقد کی گئیں۔ جن میں مختلف اسٹالز لگائے گئے اور فٹبال، کرکٹ، رسہ کشی، گھڑ سواری، والی بال، ٹینٹ پیگنگ سمیت مختلف کھیلوں کا انعقاد کیا گیا۔ تقریبات میں دہشتگردی سے بیزار عوام نے بھرپور شرکت کی جن میں ایک بڑی تعداد بچوں اور نوجوانوں کی تھی۔ مقامی عمائدین اور نوجوانوں نے جشن بہاراں کی تقریبات پر انتہائی خوشی کا اظہار کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 APR 2025

Page No. 26

# پاک ایران بارڈر تجارت میں غیر متعلقہ عناصر رکاوٹ ہیں

**ایرانی قونصل جنرل**

**تجارت بڑھانے کیلئے دیگر 83 پوائنٹ بڑھانے کی اشد ضرورت ہے پاکستانی گاڑیوں اور ڈرائیورز کو ایران میں تمام سہولیات فراہم کر رہے ہیں**

**بینک نہ ہونے کے باوجود ہم کاروبار کو بڑھا سکتے ہیں ایک پالیسی بناسکتے ہیں تاکہ پیسوں کا لین دین آسانی سے ہوسکے ویزا جاری کرنے میں کافی مشکلات درپیش آرہی ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) اسلامی جمہوریہ ایران کے بلوچستان میں تعینات قونصل جنرل علی رضا رجائی نے کہا ہے کہ بارڈر پر سہولیات کی فراہمی اور حائل رکاوٹوں کو دور کر کے تجارت کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے ایران، پاکستان اور افغانستان ایک تجارتی منڈی قائم کر کے تجارت کے فروغ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جاسکتے ہیں جس سے ہمسایہ ممالک کے بزنس کمیونٹی اور عوام کو فائدہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے دورہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سینئر نائب صدر کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری تاج محمد خان بڑیچ، نائب صدر عطا اللہ مینگل، سینئر بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

نائب صدر پاک ایران مشترکہ چیمبر حاجی نعیم الرحمن، نائب صدر فرحت حسین، ایگزیکٹو ممبران، اسد خان نورزئی، دوست محمد آغا، سید عرفان آغا، نادر علی ہزارہ، نادر خان اچکزئی، عقیل الٰہی بھٹی، فیض اللہ نورزئی، عبدالباقی کاکڑ، سرفراز رضا خان اور سابقہ ڈپٹی پراسیکیوٹر نیب بلوچستان جعفر رضا خان بھی موجود تھے۔ قونصل جنرل علی رضا رجائی نے کہا کہ کچھ غیر متعلقہ عناصر کی وجہ سے بارڈر مکمل بحال نہیں ہورہی ہے اور سہولیات کا فقدان ہے تجارت بڑھانے کیلئے دیگر 83 پوائنٹ بڑھانے کی اشد ضرورت ہے پاکستانی گاڑیوں اور ڈرائیورز کو ایران میں تمام سہولیات فراہم کر رہے ہیں بینک نہ ہونے کے باوجود ہم کاروبار کو بڑھا سکتے ہیں ایک پالیسی بناسکتے ہیں تاکہ پیسوں کا لین دین آسانی سے ہوسکے ویزا جاری کرنے میں کافی مشکلات درپیش آرہی ہیں غیر متعلقہ لوگوں کی وجہ سے کاروبار کا وہ اعداد و شمار نہیں جو ہونا چاہیے تھا پاکستان اور ایران کے درمیان متعلقہ لوگ ملوث ہوکر رکاوٹیں کھڑی کر رہے ہیں جس سے کاروبار بہتر نہیں ہورہی ہے۔ میری تعیناتی نئی ہوئی ہے مجھے تجارتی پالیسی کیلئے تمام اختیارات دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ بارڈر اچھی پالیسی ہے ایران پاکستان، افغانستان ایک تجارتی منڈی قائم کریں تاکہ تجارت کو آسان بنا کر اپنے ملک کے لوگوں اور تاجروں کی خوشحالی اور ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ اس موقع پر ویزا پالیسی کی مدت ایک سال سے کم کرکے چھ مہینہ کرنے کے مسئلے پر بات ہوئی کہ ایک سال مدت کو قائم رکھا جائے تاکہ تجارت میں مزید آسانیاں پیدا ہوسکے۔

# ٹرینوں کی سیکورٹی ڈیوٹی سے غیر حاضر 15 اہلکار ملازمت سے برطرف

**بلوچستان میں ٹرینوں کی سکیورٹی ڈیوٹی سے غیر حاضری اور حکم عدولی پر لیویز فورس کے 15 اہلکاروں کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ سرکاری حکم نامے**

**اہلکاروں کا تعلق بلوچستان کے اضلاع سبی، سوراب، خضدار، کیچ (تربت) اور پنجگور سے ہے جو بلوچستان لیویز فورس کے سپیشل سوشیو اکنامک پروٹیکشن یونٹ (SSPEU) اور سی پیک ونگ سے وابستہ تھے**

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں ٹرینوں کی سکیورٹی ڈیوٹی سے غیر حاضری اور حکم عدولی پر لیویز فورس کے 15 اہلکاروں کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ سرکاری حکم نامے کے مطابق برطرف کیے گئے اہلکاروں کا تعلق بلوچستان کے اضلاع سبی، سوراب، خضدار، کیچ (تربت) اور پنجگور سے ہے جو بلوچستان لیویز فورس کے سپیشل سوشیو اکنامک پروٹیکشن یونٹ (SSPEU) اور سی پیک ونگ سے وابستہ تھے۔ برطرف اہلکاروں بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

کو کوئٹہ سے جعفر آباد تک علاقوں میں ٹرینوں اور ریلوے ٹریک کی سکیورٹی ڈیوٹی کے لیے تعینات کیا گیا تھا تاہم انہوں نے اطلاع اور جواز پیش کیے بغیر نہ صرف اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضری کی بلکہ اعلیٰ حکام کے احکامات کی خلاف ورزی بھی کی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ان اہلکاروں کی غیر حاضری نے فورس کے اندر نظم وضبط کے ماحول کو متاثر کیا بلکہ دیگر اہلکاروں کو بھی حکم عدولی پر اکسانے کی کوشش کی گئی۔ اسی بنیاد پر ان کے خلاف بلوچستان لیویز فورس ڈسپلنری رولز 2015 کے تحت سخت کارروائی کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر ملازمت سے برطرف کر دیا گیا۔ ڈی جی بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے غیر ملکی نشریاتی ادارے کو بتایا کہ ٹرینوں کی سکیورٹی بہتر بنانے کے لیے صوبے کے مختلف اضلاع سے لیویز کے 80 کے قریب اہلکاروں کی تعیناتی کے احکامات جاری کیے گئے ہیں تاہم ان میں 15 اہلکاروں نے احکامات کی پاسداری نہیں کی جس پر ان کے خلاف کارروائی کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ لیویز فورس میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، قومی تنصیبات اور شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔

# کوئٹہ، 14 اساتذہ کو نوکری سے برخاست کرنیکا مراسلہ، اعلیٰ حکام کو ارسال

**9 کو سخت وارننگ، ایجوکیشن گروپ کا جائزہ اجلاس، مسلسل غیر حاضر اساتذہ کے گرد گھیرا تنگ**

کوئٹہ (خ ن) ضلع کوئٹہ ایجوکیشن گروپ کا جائزہ اجلاس، مسلسل غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ، 14 اساتذہ کو نوکری سے برخاست کرنے کا مراسلہ اعلیٰ احکام کو ارسال۔ جبکہ 9 اساتذہ کو سخت وارننگ جاری کی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ ایجوکیشن گروپ کا اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل، تمام ڈی ڈی اوز، آر ٹی ایس ایم اور یونیسیف کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

ضلع بھر کے سرکاری اسکولوں میں تدریسی اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ خاص طور پر مسلسل غیر حاضر اساتذہ اور کلریکل سٹاف کی صورتحال پر غور کرتے ہوئے سخت تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 14 ایسے اساتذہ جو طویل عرصے سے مسلسل غیر حاضر ہیں، ان کی ملازمت ختم کرنے کے لیے اعلیٰ حکام کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید 9 اساتذہ کو سخت وارننگ جاری کی جا چکی ہے۔ اجلاس میں آر ٹی ایس ایم کے نمائندے نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ رواں ماہ 253 اسکولوں کے دورے کیے گئے، جن میں 157 اساتذہ غیر حاضر پائے گئے۔

# یونیورسٹی آف بلوچستان میں 7 روزہ تربیتی سیشن کا آج سے انعقاد

**تمام شعبہ جات کے سربراہان، فیکلٹی ممبران، کوآرڈینیٹرز اور متعلقہ انتظامی عملے کو تربیت دی جائیگی**

کوئٹہ (آئی این پی) یونیورسٹی آف بلوچستان کے فیکلٹی ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر (ایف ٹی ڈی سی) اور ڈی آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ نے تمام فیکلٹیز کے فیکلٹی ممبران، شعبہ جات کے سربراہان، کوآرڈینیٹرز اور متعلقہ انتظامی عملے کے لیے ڈیپارٹمنٹل انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم (ڈی آئی ایم ایس) پر ایک جامع تربیتی سلسلہ شروع کیا ہے۔ یہ سیشنز ڈائریکٹر ڈی آئی ٹی، محمد سلال خان کی سربراہی میں منعقد ہو رہے ہیں، جو ڈی آئی ایم ایس کے تعلیمی اور انتظامی عمل میں استعمال کے بارے میں تفصیلی معلومات بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

فراہم کر رہے ہیں۔ ڈی آئی ایم ایس ایک ویب بیسڈ سسٹم ہے جو یونیورسٹی میں سمسٹر سسٹم کے تمام مراحل کو خودکار بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے، جس میں طلباء کے نتائج کی آن لائن اپ لوڈنگ، ڈیٹا مینجمنٹ اور امتحانی عمل شامل ہیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: JANG QUETTA
Bullet No. 3
Date: 22 APR 2025
Page No. 21

# 15 مئی کو کوئٹہ میں "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" ہوگا

# دنیا کو بتائیں گے فلسطین کے عوام تنہا نہیں، جمعیت

## ہماری للکار دنیا کے ظالموں کے محلوں پر بجلی بن کر گرے گی، مولانا عبدالواسع

## مارچ صرف مظاہرہ نہیں بلکہ ایمان و غیرت کا سمندر ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا غیر معمولی فیصلہ کن اجلاس لاہور میں ہوا، جس میں ارکان مجلس عاملہ اور مرکزی ناظم مالیات مولانا صلاح الدین ایوبی نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں امت مسلمہ پر ٹوٹنے والے مظالم، بالخصوص فلسطین میں اسرائیلی درندگی اور خونریزی پر شدید رنج و غم اور اضطراب کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں طے پایا کہ 15 مئی کو کوئٹہ کی سرزمین پر ایک عظیم الشان "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" کا انعقاد کیا جائے گا، تاکہ دنیا کو یہ گواہی دی جائے کہ بلوچستان کے فرزند مظلوم فلسطینی بھائیوں کی نصرت اور قبلہ اول کے تحفظ کے لیے ہر قیمت پر میدان عمل میں موجود ہیں۔ یہ فیصلہ فقط ایک اجتماع کی تیاری نہیں بلکہ ایمان، حمیت، غیرت اور جذبہ شہادت کی تجدید عہد ہے۔ مجلس عاملہ نے متفقہ طور پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ یہ مارچ سابق تمام ریکارڈ توڑ دے گا اور اہل بلوچستان اپنی غیرت ایمانی، اخوت اسلامی اور مظلوموں کی حمایت کا علم تھام کر کفر و طاغوت کے ایوانوں پر لرزہ طاری ہوگا۔ یہ مارچ امت کے جذبہ حریت، غیرت دینی اور عزم ایمانی کا درخشندہ مظہر بنے گا ظلم و جبر کے ایوان لرزیں گے، اور کلمہ حق کے پروانے اپنی بے مثال قربانیوں سے تاریخ کا دھارا موڑیں گے۔ اجلاس میں "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" کی تیاریوں، تنظیمی کردار اور حکمت عملی پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ تمام امور کیلئے متعلقہ کمیٹیاں تشکیل دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ یہ عظیم مارچ دنیا کو یہ پیغام دے گا کہ اسلام کا رشتہ سرحدوں یا نسلوں کا نہیں بلکہ ایمان، اخوت اور مظلوموں کی حمایت کا رشتہ ہے۔ مسلمان جہاں بھی ہوں، ظلم و جبر کے خلاف اور مظلوم بھائیوں کی نصرت میں اپنا مال، جان اور وقت سب کچھ قربان کرنے کو سعادت سمجھتے ہیں۔ ہم دنیا پر عمل سے یہ ثابت کریں گے کہ اسلام زندہ ہے اور زندہ رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مارچ صرف ایک مظاہرہ نہیں ہوگا، بلکہ ایمان، اخوت، غیرت اور حریت کا بپھرا ہوا سمندر ہوگا، جو دنیا کو یہ بتائے گا کہ فلسطین کے عوام تنہا نہیں۔ ہم اللہ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور جانتے ہیں کہ جو اللہ کے راستے میں ڈٹ جاتا ہے، دنیا کی کوئی طاقت اس کا راستہ نہیں روک سکتی۔ اہل بلوچستان اپنی سرزمین کو 15 مئی کو کوئٹہ میں ایمان، ولولے اور وفا کے نعروں سے گونجائیں گے۔ انشاء اللہ ہماری یہ للکار دنیا کے ظالموں کے محلوں پر بجلی بن کر گرے گی اور مظلوموں کے دلوں میں امید کا چراغ روشن کرے گی۔

# بی اے پی بلوچستان بھر میں عوامی رابطہ مہم اور تنظیم سازی شروع کریگی

## بی این پی مینگل کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہماری گزارش پر دھرنا ختم کیا، خالد مگسی، صادق سنجرانی

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کا اہم تنظیمی اجلاس پیر کو اسلام آباد میں ہوا۔ جس میں صوبہ بھر میں عوامی رابطہ اور تنظیم سازی کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر خالد مگسی، سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، سینیٹر عبدالقادر، جان جمالی، نصیب اللہ بازئی، جعفر مگسی، ثناء جمالی اور سینیٹر دنیش کمار نے گزار ہیں کہ انہوں نے ہماری گزارش پر دھرنا ختم کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ بھر میں نچلی سطح تک عوام رابطے کئے جائیں گے۔ اجلاس میں اس امر پر اظہار اطمینان کیا گیا کہ بی این پی مینگل نے بی اے پی کی سفارشات پر غور کیا جس سے صوبے میں مثبت نتائج آئے اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ اتحادی حکومت کا زیادہ سے زیادہ فائدہ صوبے کے عوام تک پہنچنا چاہیے، بی اے پی نے عوامی خدمت کے لئے صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبے تجویز کئے ہیں۔

# کیو ایم سی، کوئٹہ صفاء پروجیکٹ صفائی کی صورتحال مزید بہتر بنائے، پشتونخوا نیپ

## مختلف علاقوں میں صفائی کی صورتحال انتہائی ابتر، منصوبے کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں، بیان

